سوال

(93) نبی ﷺ نے اپنی پیدائش کے وقت سجدہ کیا اور دعا کی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مقرر نے فرمایا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پیدائش کے پہلے دن ہی سجدہ کرکے پڑھنا شروع کر دیا۔ (رب غفر لامتی) یعنی سجدہ میں بار بار پڑھتے والدہ محترمہ نے خود سنا تھا۔

اگر درست ہے تو مجھے بھی کوئی شک نہ ہے---- لیکن---اگر درست نہیں ہے تو پھر مبالغہ آرائی کیوں کی گئی ہے؟ نہ اس وقت نبوت اور نہ ہی امت کا علم -----یہ مسئلہ زندگی میں پہلی دفعہ سنا گیا ہے اس لیے تحقیق طلب ہے صرف اور صرف علم کے لیے وگرنہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر کسی قسم کا کوئی شک نہ ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی پیدائش کے پہلے دن سجدہ میں گر جانا کسی مستند حوالہ سے ثابت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص279

محدث فتویٰ